تبصرے

شاہ محمد غوث گوالیاری: از پروفیسر محمد مسعود احمد۔ تقطیع متوسط، ضخامت ۱۹۲ صفحات ٹائپ روشن: قیمت 6/50۔ مصنف سے اِس پتہ پر ملے گی:۔

۲۲۶۲ C/19 جھورال لین۔ حیدر آباد (مغربی پاکستان)

شاہ محمد غوث گوالیاری دسویں صدی ہجری میں ہندوستان کے اکابر مشائخ وصوفیا میں سے تھے۔ اور سلسلۂ شطاریہ سے تعلق رکھتے تھے۔ شاہانِ مغل میں سے بابر۔ ہمایوں اور اکبر تینوں کو آپ سے غایت درجہ عقیدت وارادت تھی۔ چنانچہ جہانگیر بھی بڑے ادب واحترام کے ساتھ آپ کا تذکرہ کرتا ہے۔ آپ صاحبِ کشف بھی تھے، متعدد کتابیں اور رسالے آپ کی یادگار ہیں، آپ کا فیض دور دور تک پہونچا، اور ہزاروں لاکھوں انسانوں نے روحانی وباطنی استفادہ کیا۔ پروفیسر مسعود احمد صاحب نے شاہ صاحب کے حالات وسوانح پر نہایت کاوش اور محنت وتحقیق سے چند مقالات لکھ کر برہان ومعارف میں شائع کئے تھے جن کی علمی حلقوں میں اسی زمانہ میں بڑی دھوم مچی تھی، زیرِ تبصرہ کتاب چند در چند اضافوں اور نظرِ ثانی کے بعد انہیں مقالات کا مجموعہ ہے، بزرگوں کا تذکرہ یوں بھی ایمان میں زیادتی اور اعتقاد میں پختگی کا باعث ہوتا ہے، پھر یہ کتاب تحقیق کے اعتبار سے بھی بلند پایہ ہے اور زبان بھی شگفتہ و رواں ہے اس لئے اس کا مطالعہ ہم خرما وہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

سفرِ مصر وحجاز: از مولانا سید منت اللہ رحمانی: تقطیع خورد۔ ضخامت ۱۴۲ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت 2/50 ۔ پتہ:۔ دارالاشاعت۔ خانقاہِ رحمانی، مونگیر۔

مارچ ۶۴ء میں مولانا ایک ہندوستانی مندوب کی حیثیت سے قاہرہ کی موتمر اسلامی میں شریک